پریس ریلیز

نیسلے پاکستان کے ملازمین کی طرف سے خون کا عطیہ

لاہور، 17 جون 2015ء : نیسلے پاکستان نے عطیہ ٔخون کے عالمی دن کے موقع پر فاطمید فاؤنڈیشن سے اشتراک کے ذریعے پاکستان میں چار مقامات پر ادارے کے ملازمین کے لیے عطیہ ٔخون کے کیمپ لگائے۔

لاہور، شیخوپورہ، کبیر والا اور کراچی میں منعقد کی گئی یہ سرگرمی ادارے کے ایمپلائی وولنٹیئر پروگرام (یعنی ملازمین کی رضا کارانہ خدمت کے پروگرام) بنام 'مشعلِ راہ' کا حصہ تھی۔ یہ پروگرام ایک پلیٹ فارم کا کردار ادا کرتا ہے جس کے ذریعے نیسلے کے ملازمین معاشرے کو خدمات لوٹا سکتے ہیں۔

اس سال عطیہ ٔخون کے عالمی دن کا عنوان تھا 'Thank You For Saving My Life' یعنی 'میری زندگی بچانے کا شکریہ'۔

فاطمید فاؤنڈیشن کے مطابق پاکستان میں آبادی کا 1.1 فیصد حصہ سالانہ خون کا عطیہ دیتا ہے جو تقریبا 2.2 ملین یونٹ بنتے ہیں جبکہ سالانہ ضرورت 3.6 ملین یونٹس کی ہے۔ صرف 10 فیصد خون رضا کارانہ طور پر عطیہ دینے والوں کی طرف سے آتا ہے۔

وقار احمد، ہیڈ آف کارپوریٹ افیئرز، نیسلے پاکستان نے اس موقع پر کہا: ''خون کا عطیہ دینے والوں کے لیے تو یہ ایک معمولی عمل ہوتا ہے لیکن عطیہ حاصل کرنے والے کی زندگی کے لیے بے حد اہم ہے۔ عطیہ ٔخون کیمپ ہمارے ملازمین کو ضرورت مندوں کی رضا کارانہ مدد کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ یہ نہ صرف نیسلے پاکستان کی اقدار سے ہم آہنگ ہے بلکہ ماہِ رمضان کی روح کے بھی عین مطابق ہے، جس کی آمد آمد ہے۔ ہم مستقبل میں بھی ایسے مواقع کا حصہ بننا پسند کریں گے۔''

رومی ڈوسل، فاطمید فاؤنڈیشن ٹرسٹ کے چیف آپریٹنگ آفیسر اور سیکریٹری نے کہا: ''ہم عطیہ ٔخون کیمپ کا باقاعدگی کے ساتھ انعقاد کرتے ہیں، اور ہمیں بہت خوشی ہوئی جب نیسلے پاکستان نے از خود ہم سے رابطہ کر کے مختلف مقامات پر عطیہ ٔخون کیمپ لگانے کے بارے میں بات کی۔ ایسا جذبہ ہمیشہ خوش آئند ہوتا ہے۔ ہم اُمید کرتے ہیں کہ اس سرگرمی کا سلسلہ جاری رہے گا۔''

فاطمید فاؤنڈیشن ایک غیر منافع جاتی ادارہ ہے جس میں 12,000 رجسٹرڈ مریض زیرِ علاج ہیں۔ یہ تھیلیسیمیا، ہیموفیلیا اور خون کی دیگر بیماریوں کے شکار افراد کو خون فراہم کرتا ہے۔

نیسلے پاکستان

نیسلے پاکستان NHW (نیوٹریشن ہیلتھ اینڈ ویلنس) یعنی غذائیت، صحت اور فلاح کے شعبے میں دنیا بھر میں صفِ اوّل کا ادارہ ہے جو اپنی مصنوعات کی تیاری میں تمام بین الاقوامی معیار پر پورا اُترتا اور ان سے آگے بڑھتا ہے۔ نیسلے پاکستان غذائیت، پانی اور دیہی ترقی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے اپنے دائرۂ کار میں شامل کمیونٹیز کے لیے مشترکہ value پیدا کرنے پر یقین رکھتا ہے۔ نیسلے پاکستان دودھ حاصل کرنے کے لیے ہزاروں کسانوں کے ساتھ مربوط ہے اور سماجی ترقی کے لیے دیہی ترقی کے متعدد منصوبوں میں سرگرمِ عمل ہے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کیجئے:

عاتکہ میر خان
کارپوریٹ میڈیا ریلیشنز منیجر، نیسلے پاکستان
فون : 042-35988119
ای میل: aatekahahmad.mirkhan@PK.nestle.com

فرح عاصم
اکاؤنٹ ڈائریکٹر، سی ایم سی
فون : 0345-2022060
ای میل: f.asim@cmc.com.pk